# حارث رؤف ایک بار پھر لاہور قلندرز کے اسکواڈ کا حصہ بن گئے

**لاہور،10 مارچ2020ء:**

دائیں پاؤں کی انجری کا شکار فاسٹ باؤلر حارث رؤف فٹ ہوگئے ہیں۔ انجری سے صحتیابی کے باعث فاسٹ باؤلر حارث رؤف نے ایک بار پھر لاہور قلندرز کے اسکواڈ کو جوائن کرلیا ہے۔

حارث رؤف 10 مار چ کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں شیڈول پشاور زلمی کے خلاف میچ کے لیےلاہور قلندرز کو دستیاب ہوں گے۔

دوسری جانب سلمان ارشاد اب مزید قلندرز کا حصہ نہیں رہے۔نوجوان فاسٹ باؤلر حارث رؤف دائیں پاوں میں انجری کے باعث لیگ کے گذشتہ 5 میچوں میں شرکت نہیں کرسکےتھے۔

حارث رؤف نے لیگ کے ابتدائی 2 میچوں میں لاہور قلندرز کی نمائندگی کی تھی۔

ایونٹ کی ٹیکنیکل کمیٹی نے حارث رؤف کے نام کی منظوری دے دی ہے۔ کمیٹی میں پی سی بی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر وسیم خان، بازید خان،مرینہ اقبال، سمیر کھوسہ اور ڈاکٹر سہیل سلیم شامل ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4